ROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk   0919210489 Ext: 1267   https://www.facebook.com/pakpgov

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

Notice No. 810

Department:- Health

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 810

منجانب:۔ جناب آصف خان، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ محکمہ صحت اپر وزیرستان کی مختلف آسامیوں کے لئے ETEA کے ذریعے مختلف آسامیوں کے لئے ٹیسٹس منعقد کئے گئے تاہم یہ بات ہماری علم میں آئی ہے کہ مذکورہ آسامیوں پر دوسرے اضلاع کے امیدواروں کو بھرتی کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سابقہ فاٹا انتہائی پسماندہ علاقہ رہا ہے اور پورے نوضم شدہ قبائلی اضلاع میں ترقیاتی کام نہ ہونے کے برابر ہے اور وہاں کے عوام بنیادی سہولیات کے ساتھ سرکاری ملازمتوں سے بھی محروم ہیں۔ مقامی افراد بے روزگار ہیں اور اوپر سے اپر وزیرستان میں دوسرے اضلاع کے لوگوں کو بھرتی کرنا وہاں کے مقامی تعلیم یافتہ نوجوانوں کے ساتھ صریحاً زیادتی اور ظلم ہے۔ اپر وزیرستان کے مخصوص جغرافیائی حالات، سابقہ بدامنی کے اثرات اور موجودہ انتظامی چیلنج کے پیش نظر غیر مقامی افراد کے لئے وہاں مستقل طور پر قیام اور فرائض کی انجام دہی مشکل ہوگی۔ ماضی کے تجربات سے بھی یہ بات عیاں ہے کہ ایسے تمام غیر مقامی افراد تعیناتی کے کچھ ہی عرصہ بعد اثر ورسوخ کے ذریعے دیگر اضلاع میں اپنے تبادلے کرواتے ہیں جس کی وجہ سے اپر وزیرستان کے ہسپتال اور بی ایچ یوز غیر فعال ہو جاتے ہیں اور کروڑوں روپے کے فنڈز خرچ کرنے کے باوجود مقامی آبادی کو علاج و معالجے کی بنیادی سہولت میسر نہیں ہوتی۔ لہذا اپر وزرستان کی مخصوص آسامیوں پر صرف وہاں کے مقامی باشندگان / ڈومیسائل ہولڈرز کو ترجیحی بنیادوں پر تعینات کیا جائے اور حالیہ ETEA ریزلٹ کی بنیاد پر غیر مقامی افراد کی سلیکشن کو فوری طور پر روکا جائے تاکہ اپر وزیرستان کے نوجوانوں کی حق تلفی نہ ہو۔